Volume I
No. 8

SP. I-8-75 (E)
300

# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

**Friday, the 31st January, 1975**

**CONTENTS**

| | PAGE |
|---|---|
| Privilege Motions—*Deferred* .. .. .. .. .. .. | 383 |
| Adjournment Motions *re* : Derailment of on engine and three wagons near Muslim Bagh Railway Station—*Deferred* .. .. .. .. .. .. | 383 |
| Adjournment Motions *re* : Sale of sub-standard medicines and drugs in the country —*Deferred* .. .. .. .. .. .. .. .. | 383 |
| Adjournment Motion *re* : Refusal of Pakistan Mission, Muscat, to recognize Pakistan citizens in Muscat Jail—*Not pressed* .. .. .. .. .. | 384 |
| Adjournment Motion *re* : Resolution passed by citizens of Quetta against WAPDA —*Not Pressed* .. .. .. .. .. .. .. .. | 385 |
| Motoin *re* : Appointment of Special Committee to investigate into causes of Tarbela Dam disaster—*Deferred* .. .. .. .. .. .. | 387 |
| Motion *re* : Situation arising out of rampant corruption in civil administration of Federal Government—*Talked out* .. .. .. .. .. .. | 387 |

PRINTED BY THE MANAGER, PRINTING CORPORATION OF PAKISTAN PRESS, KARACHI
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI : 1976
*Price* : *Paisa* 50

## SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

---

**Friday, January 31, 1975.**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber (State Bank Building), Islamabad, at half past ten of the clock in the morning, Mr. Deputy Chairman (Mr. Tahir Mohammad Khan) in the Chair.

---

(Recitation from the Holy Quran).

---

## PRIVILEGE MOTIONS

**Mr. Deputy Chairman :** There are Privilege Motions and some of the Adjournment Motions related to Malik Mohammad Akhtar, Minister of State for Parliamentary Affairs, who is supposed to conduct those Adjournment Motions. He has submitted an application that he is busy in the National Assembly and therefore, he has requested that his business in the Senate may be deferred to some other day. I think, we should defer those matters until he comes and attends the House.

Yes, Adjournment No. 23 of 1975—Senator Zamarud Hussain.

## ADJOURNMENT MOTION *RE* : DERAILMENT OF AN ENGINE AND THREE WAGONS NEAR MUSLIM BAGH RAILWAY STATION

**Mr. Zamarud Hussain :** Sir, I beg leave of the House......

**Mr. Deputy Chairman :** I think, this Motion was also deferred.

**Mr. Zamarud Hussain :** Yes, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** And Minister of Interior is not here today, I think. Let us defer it also.

**Mr. Zamarud Hussain :** Right Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** This is a new Motion—Senator Kamran Khan.

## ADJOURNMENT MOTION *RE* : SALE OF SUB-STANDARD MEDICINES AND DRUGS IN THE COUNTRY

**Mr. Deputy Chairman :** What will be the position if the Senator is not here.

**Khawaja Mohammad Safdar :** When the mover is not present, it should be dropped.

ویسے تو اگر منسٹر صاحب موجود نہ ھوں تو تحریک التواء ملتوی ھو سکتی ھے تو ممبر کے لئے بھی یہی رعایت ھو جائے تو کوئی برائی نہیں -

**Mr. Deputy Chairman** : Let us keep for some other day.

**Khawaja Mohammad Safdar** : Thank you very much.

**Mr. Deputy Chairman** : 31 of 1975 Senator Zamarud Hussain.

جناب زمرد حسین : میرے پاس نمبر نہیں ھے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ مسقط میں پاکستان ایمبیسی سے متعلق ھے -

## ADJOURNMENT MOTION *RE* : REFUSAL OF PAKISTAN MISSION, MUSCAT, TO RECOGNIZE PAKISTANI CITIZENS IN MUSCAT JAIL

**Mr. Zamarud Hussain** : Sir, I beg leave of the House to move a motion of adjournment of the business of the Senate to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, that Pakistan Embassy Representative at Muscat is quite ignorant of the Geographical fact of his country that Wana and the area of Southern Waziristan is situated in Pakistan. The Representatives (at Muscat) gross ignorance caused great worry and hardships to nine citizens of Pakistan in Muscat Jail as he refused them to be Pakistani citizens. This incident at Muscat is a clear proof that the Foreign office of Pakistan is being run quite inefficiently, indifferently and clumsily. The incident is reported in daily 'Nawa-i-Waqt', Rawalpindi of 21st January, 1975. This unfortunate incident has caused great turmoil, dissatisfaction, uncertainty and it has also created doubts in the mind of the people of Pakistan.

**Mr. Deputy Chairman** : Yes, who is speaking ?

**Major General (Retd.) Jamal Dar** : Opposed Sir. I am dealing with this case. The Pakistan Mission, Muscat, has confirmed that there is no truth or substance in this allegation. There can be no question of ignorance on the part of the Embassy officials that Wana and Southern Waziristan are not part of Pakistan. Nor it is true that the Pakistan Embassy refused to assist the persons in question on the ground that they were not Pakistanis. Since the Adjournment Motion is based on hypothetical assumption, it may be rejected by the Chairman under Rules of Procedure and Conduct of Business in Senate,———Rule 71-J.

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی زمرد صاحب کیا فرماتے ھیں - نمبر 1 facts deny کرتے ھیں -

No. 1, The facts are denied.

No. 2, That this is hypothetical motion based on hypothesis.

جناب زمرد حسین : جناب چیئرمین ! جہاں تک fact deny کرنے کا تعلق ہے وہ ظاہر ہے بہتر سمجھتے ہوں گے - میری تحریک التواء تو ایک اخباری خبر پر ہے - جس میں یہ کہا گیا ہے کہ نو پاکستانی جیل میں ہیں جن کا تعلق جنوبی وزیرستان سے ہے اور اس سلسلے میں مسقط میں مقیم پاکستانی سفارتخانے کے نمائندے نے انہیں پاکستانی تسلیم کرنے سے انکار کر دیا ہے اور قید کی مدت طویل ہو جانے کی ایک وجہ یہ بھی تھی ان کے لواحقین نے سفارتی نمائندے کے اس رویہ پر سخت تعجب کا اظہار کیا ہے کہ ان کو یہ بھی علم نہیں کہ جنوبی وزیرستان کا پورا علاقہ پاکستان میں ہے - میری انفارمیشن تو یہ تھی - اگر وہ اس کو deny کرتے ہیں تو میں اسے پریس نہیں کرتا -

خواجہ محمد صفدر : کم از کم یہ تو پتہ چل جائے کہ ان قیدیوں کو چھڑانے کے لئے حکومت نے کیا کیا ہے ؟

**Mr. Deputy Chairman** : General Sahib, you tell whether these persons have been detained or not, or if detained on what grounds and what the Embassy has done for them ?

**Major General (Retd.) Jamal Dar** : Actually, not only these 9 persons but hundreds and thousands of the people go secretly, illegally and these 9 people happened to be one of those crowds that went illegally. Every country has the right to catch people like these.

**Mr. Deputy Chairman** : Not pressed.

Again, WAPDA the white elephant. Senator Zamarud Hussain.

## ADJOURNMENT MOTION *RE*: RESOLUTION PASSED BY CITIZENS OF QUETTA AGAINST WAPDA

**Mr. Zamarud Hussain** : Sir, I beg to move a motion of adjournment of the business of the Senate to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, that a resolution was passed by the citizens of Quetta expressing therein their great resentment and condemnation against the WAPDA because of a break down of the electricity which disturbed and disorganised the Moharrum processions and other religious activities. This incident created a great resentment and dissatisfaction especially amongst Shia Community and generally amongst the public at large.

جناب تاج محمد خان جمالی : جناب والا ! اس حادثہ میں یہ سب کو معلوم ہے کہ ...

جناب زمرد حسین : ویسے جمالی صاحب نے کہا ہے کہ ۲.۷ کے بعد جب کوئٹہ جائیں گے تو بجلی ٹھیک ہو گئی ہوگی -

جناب تاج محمد خان جمالی : حقیقت یہ ہے کہ جناب والا ! کوئٹہ کی پرانی لائینیں جو ہیں ان کو تبدیل کرنے کے لئے گورنمنٹ نے دو کروڑ اٹھاون (۵۸) لاکھ روپے دئے ہیں -

[ Mr. Taj Mohammad Khan Jamali ]

جیسے ھی میٹیریل ملے گا وہ لائینیں تبدیل کر دی جائیں گی لیکن انھوں نے یہ جو موشن میں لکھا ھے I oppose it, Sir وہ پروسیشن تو دن کو نکلتے ھیں اب پروسیشن میں بجلی لے جانا یہ تو عجیب بات ھے اور یہ ایک عجیب چکر ھے کہ پروسیشن میں یہ کھمبے بھی ساتھ لئے پھرنے کی سوچتے ھیں - اس کے علاوہ گورنمنٹ واپڈا کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے بہت سی کوششیں کر رہی ھے اور انشاء اللہ جلد ھی اس کے نتائج نکلیں گے اور ابھی حال ھی میں واپڈا نے پچیس میگاواٹ گیس ٹربائن لگایا ھے وہ انڈر ٹیسٹنگ ھے تو میں نے انکو ذاتی نالج کے طور پر بتا دیا کہ یہ سب چیزیں فروری میں خصوصاً کوئٹہ کی بجلی کا مسئلہ حل ھو جائے گا ان تمام باتوں کے ساتھ میں گذارش کرتا ھوں کہ چونکہ بجلی بار بار ڈسکس ھو چکی ھے اس لئے اس کو پریس نہ کریں -

جناب زمرد حسین : جناب چیئرمین ! میں اس موشن کو ویسے بھی پریس نہیں کروں گا لیکن ایک بات جمالی صاحب کو بتاؤں کہ محترم کی پروسیشن کے لئے کھمبے ساتھ لے کر چلنے کی کیا بات ھے قصہ یہ ھے کہ شاید ان کو علم نہ ھو کہ محترم کے جلوس کے لئے کوئٹہ میں tradition ھے کہ ہر چوک پر لاؤڈ اسپیکر فٹ ھوتا ھے، مائک ھوتے ھیں، اور پروسیشن ہر چوک پر رکتا ھے اور علماء تقریریں کرتے ھیں اس سلسلے میں واپڈا کے حکام کو اور گورنمنٹ کو پہلے ھی اطلاع دی گئی تھی کہ آج جلوس فلاں وقت روانہ ھوگا، فلاں وقت ختم ھوگا اور فلاں فلاں چوک پر فلاں فلاں وقت علماء ایڈریس کریں گے لیکن اس دفعہ جب وقت کے مطابق جلوس میزان چوک پر پہنچا اور علماء نے تقریریں شروع کیں تو جیسے کہتے ھیں کہ فلاں آدمی کو واپڈا ھو گیا ھے ایسے ھی اس وزارت کو واپڈا ھو گیا، بجلی فیل ھو گئی اور آدھ گھنٹہ جلوس رکا رہا اور جلوس والوں نے بطور احتجاج کہا کہ ھم اُٹھ کر نہیں جائیں گے اور وھیں پر اس کے خلاف قرار داد پاس کی گئی، اور یہ کہا گیا کہ ھم اٹھ کر نہیں جائیں گے جب تک بجلی نہیں آئے گی اور ھمارے اس پروسیشن کی تقاریر مکمل نہیں ھوں گی تو اس کے بعد سول انتظامیہ نے بھاگ دوڑ کی جیسا بھی عمل ھوا اس کے بعد بجلی آئی اور جلوس چلا تو اس تحریک التواء کا مطلب یہ تھا کہ بجلی کا فیل ھونا، شاید کوئی ایسی بات تو نہیں کہ لوگوں میں resentment پیدا کرنے کے لئے سوچی سمجھی سازش ھو میرے اس موشن کا مطلب بجلی سے زیادہ اس نیت پر تھا جو کہ اس محترم کے سلسلے میں تھی -

جناب ڈپٹی چیئرمین : نیت تو آپ پر ظاہر ھو گئی ھے - اگر یہ تحریک التواء ایڈمٹ بھی ھوتی تب بھی آپ اتنی تقریر نہ کرتے جتنی کہ اب کرلی ھے - شکریہ -

Not pressed. Next. Now we come to the business of the House.

## MOTION *RE*: APPOINTMENT OF SPECIAL COMMITTEE TO INVESTIGATE INTO CAUSES OF TARBELA DAM DISASTER

**Mr. Deputy Chairman** : No. 2—further consideration of the following motion moved by Khawaja Mohammad Safdar.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! تھوڑی دیر ھوئی وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور نے مجھے یہ فرمایا تھا کہ چونکہ وہ نیشنل اسمبلی میں مصروف ھیں لھذا میں انکی طرف سے اپکی خدمت اور اس ایوان کی خدمت میں درخواست کروں اس ائیٹم کو ملتوی کر دیا جائے - میں نے بڑا احتجاج کیا کہ یہ آئیٹم کئی ھفتوں سے ملتوی ھو رھی ھے اور سابقہ اجلاس سے یہ ملتوی چلی آ رہی ھے لیکن انکا اصرار تھا تو میں انکار نہیں کر سکتا انہوں نے حکم کیا ھے میں نے کہا ٹھیک ھے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : واپڈا کے وزیر صاحب تو یہاں موجود ھیں -

میر تاج محمد خان جمالی : گزارش یہ ھے کہ میں نے خواجہ صاحب سے اس بارے میں ذاتی طور پر کچھ وجوہات بتائی ھیں اور میں نے ان سے کہا کہ میرے خیال میں سوموار کی تاریخ مقرر کر لیتے ھیں - انکو وہ وجوہات میں بتا دونگا اور اسکے بعد میں یہ توقع کرتا ھوں کہ وہ یہ موشن موو بھی نہیں کرینگے -

**Mr. Deputy Chairman** : Deferred for the time being. Next item is No. 3 by Khawaja Mohammad Safdar.

## MOTION *RE*: SITUATION ARISING OUT OF RAMPANT CORRUPTION IN CIVIL ADMINISTRATION OF FEDERAL GOVERNMENT

**Khawaja Mohammad Safdar** : Sir, I beg to move that the situation arising out of rampant corruption in the civil administration of the Federal Government be taken into consideration.

**Mr. Deputy Chairman** : The motion moved is that the situation arising out of rampant corruption in the civil administration of the Federal Government be taken into consideration.

سردار عبدالعلیم : جناب چیئرمین ! یہ خان عبدالقیوم صاحب کا سبجیکٹ ھے وہ نیشنل اسمبلی میں مصروف ھیں - انہوں نے درخواست کی ھے کہ اس کو ملتوی کرویا جائے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : میرے خیال میں یہ سبجیکٹ خان قیوم صاحب کا نہیں ھے - میجر جنرل جمالدار صاحب کا ھے اور وہ یہاں ھیں - آپ تقریر فرمائیے -

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! رات کو جب مجھے آڈر آف دی ڈے ملا تو میں نے واپڈا کے متعلق کچھ یاد داشتیں لکھی تھیں - مگر وہ تو زیر بحث نہیں آ رہا ہے اور ایک نیا موضوع زیر بحث آگیا ہے - اسلئے میں حیران ہوں کہ ابتدا کہاں سے کروں کس محکمہ کا ذکر کروں - واپڈا کا ذکر کروں، پولیس کا کروں - ایف-ایس-ایف کا کروں - کمشنروں کا کروں - ڈپٹی کمشنروں کا کروں یا مرکز کے کسی محکمے کا کروں - میں اس خیال میں مصروف تھا کہ مجھے ایک واقعہ یاد آگیا - جناب چیئرمین ! آج سے کم و بیش ۳۵ سال قبل پنجاب میں اس زمانے کے چیف جسٹس کے حکم کے تحت ضلعی سطح پر انٹی کرپشن کمیٹیاں بنائی گئیں - انکے صدر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج تھے - ڈپٹی کمشنر ایس-پی، سینئر سول جج اور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے دو نمائندے اس کمیٹی کے رکن تھے - میں اگرچہ انتہائی جونیئر وکیل تھا لیکن بار ایسوسی ایشن کے سینئر وکیل کے ساتھ ساتھ جونیئر وکلاء کی نمائندگی کیلئے مجھے منتخب کیا گیا - اس کمیٹی کا پہلا اجلاس ہوا اور ہمارے سیشن جج صاحب تھے جو چند سال ہوئے مشرقی پنجاب کے چیف جسٹس تھے انہوں نے ہمیں ہمارے فرائض سے آگاہ کیا اور کہنے لگے کہ بھائی یہ پیش کار، اہلمد، ریڈر اور کلرک وغیرہ کی کچہری میں اکثریت ہے - اگر ایک روپیہ یا آٹھ آنے ان لوگوں میں سے کوئی کسی سے لے لے تو اسکے متعلق میرے پاس آپ کوئی رپورٹ نہیں کرینگے - البتہ اگر کوئی بڑی مچھلی کوئی موٹا مال کھا گئی ہو تو اسکے متعلق ضرور رپورٹ کی جائے ہم اسکو نہیں چھوڑیں گے - انہوں نے ہمارے فرائض کے متعلق یہ براڈ آوٹ لائن دی - انکا یہ کہنا بالکل ٹھیک تھا کیونکہ اصل بیماری تو اوپر سے شروع ہوتی ہے - اسلئے میں اپنی گزارشات کا آغاز ایک ایسے مقام سے شروع کرونگا جنہیں اللہ تعالے نے یہ قدرت دی ہے کہ وہ اپنے ماتحت لوگوں سے بلکہ اس سارے معاشرے سے اور سارے ملک سے بددیانتی، رشوت خوری، اقربا نوازی وغیرہ ان سب بیماریوں کو سدباب کر سکتے ہیں - جناب والا ! جب میں نے غور کیا تو میرا سر ندامت سے جھک گیا وہ اسلئے کہ میں نے دیکھا کہ ہماری مرکزی وزارت یعنی وفاقی وزرات کے ایک رکن کے خلاف حال ہی میں ضلع راولپنڈی میں بہت بڑا جلسہ ہوا - جس میں دو وفاقی وزراء تشریف فرما تھے، جیسا کہ اخباری اطلاع ہے وہاں پر حکمران جماعت کے ایک نہایت ذمہ دار فرد نے ایک تیسرے وفاقی وزیر کے خلاف بد عنوانی، رشوت ستانی، اقربا نوازی اور خویش پروری جیسے الزامات کی ایک طویل فہرست عوام کے سامنے پڑھکر سنائی - میں یہ نہیں کہتا کہ وہ فہرست درست تھی یا غلط - لیکن دو وفاقی وزراء جو کہ وہاں موجود تھے، اخباری اطلاع کے مطابق انہوں نے ان الزامات کی تردید نہیں کی اور اگلے روز میں اخبار میں کیا دیکھتا ہوں کہ کچھ اور حکمران جماعت کے لوگ، ذمہ دار ارکان راولپنڈی میں جمع ہوتے ہیں اخبار نے لکھا تھا کہ "یہ طاقت کا مظاہرہ بھی تھا اور پریس کانفرنس بھی تھی" انہوں نے ان دو وفاقی وزراء میں سے ایک کے خلاف جو کہ گوجر خان کے جلسہ میں تشریف فرما تھے جسکے سامنے ایک وفاقی وزیر کے خلاف الزامات کی ایک طویل فہرست پڑھی گئی تھی، کے خلاف الزامات ایک بہت لمبی فہرست پڑھ کر سنا دی - میں اسے اختصار سے بیان کرتا ہوں اس کش مکش الزامات جوابی الزامات

کا نتیجہ یہ نکلا کہ ایک وفاقی وزیر صاحب نے اپنے عہدے سے استعفی دے دیا اور محترم وزیر اعظم صاحب کی خدمت میں گزارش کی کہ وہ انکے خلاف لگائے گئے الزامات کی باقاعدہ تحقیقات کروائیں - محترم وزیر اعظم صاحب نے انکی اس درخواست کو شرف قبولیت بخشا اور انکوائری کیلئے سپریم کورٹ کے ایک معزز جج کو مقرر فرما دیا لیکن مجھے جناب والا، اب تک یہ پتہ نہیں ہے کہ دوسرے وزیر صاحب کے متعلق جو الزامات لگائے گئے تھے ان الزامات کی چھان پھٹک کے سلسلے میں کوئی ضروری کارروائی کی گئی یا نہیں -

بہر حال، جناب والا، میرے عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ جن ارباب اقتدار سے توقع تھی اور یہ جائز توقع تھی اور یہ اس ملک کے بسنے والوں کی بھی توقع تھی کہ وہ اس ملک میں کرپشن اور بدعنوانیوں کا قلع قمع کر دینگے یہ ان کے اپنے ہی بیان ہیں اور ایک کے خلاف الزامات لگائے جاتے ہیں، بد عنوانی کے، اقربا نوازی کے اور رشوت کے اور اسی جگہ پر دو دوسرے وزراء صاحبان بیٹھے ہوتے ہیں جو کہ انکے رفقائے کار ہیں، خاموشی سے سنتے رہتے ہیں - انکی تردید نہیں کرتے اور اسی سے اگلے روز انکے خلاف بھی الزامات لگتے ہیں - میں حسن ظن رکھنے والا آدمی ہوں - میں نہیں جانتا ہوں کہ الزامات کس حد تک درست ہیں یا غلط ہیں - مگر ملک کے عوام میں وفاقی کابینہ کے ارکان کے متعلق غلط فہمیاں پیدا ہو سکتی ہیں - میں ان باتوں کو نہیں کہوں گا کہ جو کہ ہوٹلوں، ریسٹورانوں، چائے کی دوکانوں، بازاروں اور جگہ جگہ پر مرکزی کابینہ کے معزز ارکان کے متعلق ہوتی ہیں - یہ تو افواہیں ہوتی ہیں میں ان باتوں کا ذکر کرونگا جو کہ اخبارات کی زینت بن چکی ہیں - اور جو بے حد و بے حساب ہیں - جناب والا میں عرض کرتا ہوں کہ عوام بیچارے کیا سوچتے ہوں گے کہ جن کے ہاتھ میں انہوں نے اپنی قسمتیں دی ہیں ان کا یہ حال ہے - ان سے کیا توقع ہوسکتی ہے کہ وہ ماتحت لوگوں کی اصلاح کریں -

جناب والا، میں وفاقی وزرات اور وفاقی کیبنٹ کے ارکان کو چھوڑتا ہوں اور آگے بڑھتا ہوں - جناب والا، اس ملک کا سب سے بڑا صوبہ پنجاب ہے - اسلئے یہاں کے برسراقتدار لوگوں سے یہ توقع تھی کہ وہ زیادہ بہتر نمونہ پیش کریں گے پنجاب کے پہلے گورنر غلام مصطفے کھر تھے اور وہ بعد میں وزیر اعلی بنے - وزرات اعلی کے زمانے میں انہوں نے بد عنوانیوں اور رشوت کے خلاف ایک مہم چلائی تھی لیکن کچھ دنوں کے بعد جب وہ سیاست سے رخصت ہوئے تو موجودہ وزیر پارلیمانی امور و قانون نے بحیثیت صدر، پیپلز پارٹی، پنجاب، انکے خلاف اخباروں میں بدعنوانی، ظلم، ستم، جور و جفا مختلف گناہوں اور مختلف جرائم کی طویل فہرست شائع کرا دیں - اخبارات میں متواتر یہ آتا رہا بغیر نام لئے، کہ سابقہ پنجاب کی وزرات کے ارکان کے خلاف سپیشل پولیس اسٹیبلشمنٹ تحقیقات کرکے، تفتیش کر رہی ہے بلکہ یہاں تک اخباروں میں آیا کہ بعض کے خلاف تو تفتیش مکمل ہو چکی ہے اور چند روز میں انکے کیس عدالتوں کے سپرد کر دیئے جائیں گے - اسکے بعد خاموشی . . معلوم نہیں کہ ارباب اقتدار

[Khawaja Mohammad Safdar]

کے خیال میں کیا بات آئی ہے - اور انہوں نے تفتیش کے متعلق وہ فائلیں تکمیل کے بعد کسی سرد خانے میں رکھ دی ہیں تاکہ "بوقت ضرورت واشت آید" -

جناب والا ! لیکن حال ہی میں ان اکابرین جن کے خلاف مصطفے کھر کے زمانے میں سنگین الزامات لگائے گئے تھے ان میں سے ایک کو پنجاب کی کابینہ میں شامل کر لیا گیا ہے - انکی شمولیت کے بعد پھر بیان بازی شروع ہوئی کہ صاحب، انکے خلاف بد عنوانیوں کے الزامات تھے - بہر حال، قصہ کوتاہ، انکو کابینہ میں شامل کر لیا گیا - یہ مجھے معلوم نہیں ہے کہ انکو کن مصلحتوں اور کن وجوہات کی بنا پر کابینہ میں شامل کیا گیا ہے -

جناب والا، پھر لاہور میں ایک چوری ہوگئی جس میں چور ۲۰۰ بنارسی ساڑھیاں اور ۲۰۰ ریشمی سوٹ چرا کر لے گئے تھے لیکن بجائے اسکے کہ چور کو پکڑا جاتا الٹا پارچات کے مالک یعنی اس وزیر کے خلاف تفتیش شروع کردی کہ انہوں نے اپنے دور اقتدار میں اختیارات کو غلط استعمال کیا ہے اور گڑ بڑ کرکے اتنے سوٹ اور ساڑھیاں بنائی تھیں - مجھے معلوم نہیں کہ یہ بات کہاں تک درست ہے بہرحال جو کچھ پنجاب میں ہوا ہے اور جو کچھ ہو رہا ہے یہ سب کو معلوم ہے -

جناب والا ! جب صوبہ سندھ کے سابقہ وزیر اعلی ممتاز علی بھٹو صاحب جب وزارت عالیہ سے رخصت ہوئے تو انہوں نے وزراء کے خلاف الزامات لگانے شروع کردئے اور انکے بیانات کم از کم ایک ہفتہ لگاتار اخبارات میں آتے رہے وہ محترم وزیر اعظم صاحب سے جو کہ انکے چچا زاد بھائی ہیں ان کو درخواست کرتے رہے کہ کچھ وزراء صوبہ سندھ میں گڑ بڑ کر رہے ہیں یعنی بد دیانتی کا ارتکاب کر رہے ہیں - اور یہ بیانات اس وقت تک جاری رہے جب تک کہ وہ دوبارہ مرکزی وزارت میں نہیں آگئے - پھر انہوں نے بیانات دینے پتہ نہیں کہ کن مصلحتوں کے تحت ترک کر دئے اور تو اور سابق گورنر سندھ کے متعلق سابق وزیر اعلی سندھ نے ارشاد فرمایا کہ جب وہ گورنمنٹ ہاوس میں آئے تھے تو پیدل آئے تھے اور جب وہ واپس گئے تو پتہ نہیں انہوں نے کس گاڑی کا نام لیا تھا، مجھے تو نام یاد نہیں، مگر کافی لمبا نام بتایا کہ وہ اس گاڑی پر سوار گئے - مطلب یہ تھا کہ پہلے انکے پاس گدھا گاڑی بھی نہیں تھی جب وہ واپس گئے تو انکے پاس گاڑی تھی -

سید قربان علی شاہ : پوائنٹ آف آرڈر، جناب والا، ممتاز بھٹو کا بیان نہیں تھا یہ ایک سابق وزیر سندھ کا تھا -

خواجہ محمد صفدر : مجھے افسوس ہے، مجھ سے بھول ہوئی -

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں تو یہ سمجھا تھا کہ وہ کہیں گے کہ گورنر اور وزیر سول ایڈمنسٹریشن میں نہیں آتے -

خواجہ محمد صفدر: یہ تو سول ایڈمنسٹریشن کے سربراہ ہیں -

جناب ڈپٹی چیئرمین: اگر ایوان کی رائے۰۰۰

خواجہ محمد صفدر: جناب والا! میرا خیال ہے کہ یہ تو وہ مستند باتیں ہیں - جو خود ارباب اقتدار نے اپنے ساتھیوں کے متعلق ارشاد فرمائی ہیں - ان سے معتبر راوی کہاں سے لئے جا سکتے ہیں - البتہ میں ایک نمبر مستعد راوی کی بات کرتا ہوں - اگرچہ میرے نزدیک وہ نہایت مستند ہے - لیکن ارباب اقتدار کے نزدیک شاید وہ غیر مستند ہے - لیکن انہوں نے ایک ایسے ایوان میں جو اس ملک کا سب سے بڑا ادارہ ہے - اس میں یہ بات اسوقت کہی- جب وزیر اعظم اور تمام اراکین کابینہ اسوقت وہاں تشریف فرما تھے - میری مراد محترم خان عبدالولی خان صاحب سے ہے - انہوں نے گزشتہ سیشن میں دو محترم وزراء صاحبان پر الزام لگایا - جن کا تعلق صوبہ سرحد کی کابینہ سے ہے اور میں بھی ایک کونے میں وہاں کہیں بیٹھا ہوا تھا - میں سن سکتا تھا اور دیکھ سکتا تھا مگر ایوان سے باہر تھا - انہوں نے یہ الزام لگایا کہ وہ دونوں وزراء رات کو لڑکیوں کے میڈیکل ہوسٹل میں مجرمانہ نیت سے گھس گئے اور ان کی اتنی پٹائی ہوئی کہ انہیں ہسپتال میں داخلہ لینا پڑا اور اخبارات میں یہ آیا - کہ وہ دونوں عارضہ دل۰۰۰

(مداخلت)

پتہ نہیں وہ کون سا عارضہ دل ہے - شاعر والا یا کوئی اور وجہ تھی - کہ وہ عارضہ دل کے مریض تھے - اس لئے ان کو ہسپتال میں داخلہ لینا پڑا - انہوں نے کسی کا نام نہیں لیا - لیکن اس بھرے اجتماع میں کسی نے اس کی تردید نہیں کی - البتہ اگلے روز پشاور سے وزراء صاحبان کی جانب سے یہ تردید شروع ہو گئی - کہ صاحب میں وہاں نہیں تھا - دوسرے نے کہا - کہ صاحب میں وہاں نہیں تھا - تو مجھے نہیں معلوم - کہ تھا وہاں کون - کسی نے کسی کا نام نہیں لیا تھا - کہ وہاں کون تھا - چور کی ڈاڑھی میں تنکا - کہ جو صاحب یہ کہہ رہے ہیں - کہ صاحب میں وہاں نہیں تھا - شاید وہی وہاں ہوں - بہرحال مجھے نہیں معلوم ہے واللہ عالم - کہ کون تھا - شاید کچھ دوست کہیں - کہ صاحب یہ کرپشن نہیں ہے - لیکن میں ایسی یاد دلاؤں گا - کہ یہ انتہائی گھناؤنی قسم کی کرپشن ہے - کہ اپنی قوم کی بچیوں کی عزت اور عصمت پر ہاتھ ڈالا جائے - جناب والا! اس بات کو چھوڑیئے - میں نے اگلے روز ایک سوال اس ایوان میں پوچھا تھا - اور محترم وزیر خزانہ صاحب طرح دے گئے - میرا سوال یہ تھا - کہ کیا صوبہ سرحد کے دو وزراء صاحبان نے A D B P سے گرانقدر قرضے حاصل نہیں کئے ہوئے - اور وہ نام دھندہ ہیں - یعنی Defaulter ہیں - اور اپنی موجودہ پوزیشن سے فائدہ حاصل کرتے ہوئے A D B P سے اپنے قرضہ جات پر سود معاف کرانے کی کوشش میں ہیں اور یہ بھی کوشش کررہے ہیں - کہ اصل قرضہ بھی معاف کرالیں -

[Khawaja Mohammad Safdar]

تو محترم وزیر خزانہ نے کہا - کہ یہ مفاد عامہ میں نہیں ہے - اور وہ اس کا جواب دیں لیکن جواب میں پہلے yes کہہ گئے - یعنی میرا الزام قبول کرلیا - اور yes کہا - اور آگے کہہ دیا - کہ A D B P کے قرضہ جات کی تفاصیل دینا مفاد عامہ میں نہیں ہے - میں نے یہ پوچھا تھا - کہ دونوں وزراء صاحبان میں سے ایک کے ذمہ 9 لاکھ روپے کا قرضہ ہے - جو انہوں نے مختلف ناموں سے حاصل کیا ہوا ہے - تو انہوں نے اس کے جواب میں کہا - کہ بنک اپنے client کا نام ظاہر نہیں کرتا - یہ Banking کے اصول کے خلاف ہے - اس لئے میں اس کا ہاں یا نہ میں جواب نہیں دینا چاہتا - لیکن میرا وہ سوال اور یہ جواب اس ایوان کے ریکارڈ پر آ گیا ہے - ایک اور بات جو حال ہی میں اخبارات میں دیکھنے میں آئی ہے - وہ یہ ہے - کہ مرکزی وزیر زراعت و خوراک محترم شیخ رشید صاحب میرے عزیز دوست ہیں - انہوں نے صوبہ سرحد کے ایک وزیر کے خلاف بطور چیئرمین لینڈ کمیشن کے وارنٹ جاری کردیئے - مجھے معلوم نہیں ہے - کہ ان وارنٹوں پر کیا رپورٹ آئی ہے - شاید اس قسم کی رپورٹ آئی ہے - کہ وہ لاپتہ ہیں - اس لئے وارنٹ واپس کئے جاتے ہیں - کیا رپورٹ آئی ہے - بہرحال سننے میں نہیں آیا - کہ پھر کیا ہوا - بہرحال یہ تو ایک وزیر پر الزام تھا - کہ انہوں نے گھناؤنے قسم کے جرم کا ارتکاب کیا ہے - اور مرکزی وزیر صاحب کو ان کے خلاف وارنٹ جاری کرنے پڑے -

اگر ہمیں مکتب است و ہمیں ملا

کار طفلاں تمام خواہد شد

جناب والا کیونکہ وقت ختم ہو رہا ہے - اس لئے میں صرف ایک اور بات عرض کروں گا - باقی کسی وقت اگر موقعہ ملا - تو اس بحث کے دوران عرض کروں گا - حضور والا ارباب اقتدار نے آج سے تین سال قبل جب وہ برسر اقتدار آئے تھے - اس بات کا اعلان کیا تھا - اور یہ اعلان اس ملک کے عوام کے لئے بڑا دل خوش کن تھا - کہ وہ اس ملک کی انتظامیہ کی تطہیر کریں گے - اور اس اعلان کے بعد انہوں نے کم و بیش چھوٹے بڑے دو ہزار افسروں کو "بیک بینی ودوگوش" ان کے دفتروں سے باہر نکال دیا - لوگ کہتے رہے - کہ ان میں کچھ بے گناہ بھی ہیں - یا اکثر بے گناہ ہیں - لیکن عام پبلک نے سکھ کا سانس لیا - کہ چلو کچھ چھٹکارا ہوا - اگر ساتھ کچھ بیگناہ مارے گئے ہیں - تو کوئی بات نہیں ہے - کم از کم ان بددیانت افسروں سے نجات تو مل گئی - لیکن کیا ان تین سالوں میں کوئی اصلاح ہوئی - اس کے کچھ اچھے اثرات مرتب ہوئے - یا یہ ہوا - کہ حالات بد سے بدتر ہوتے گئے - "مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی" دراصل دوا غلط ہے - ابھی پچھلے مہینے کی بات ہے - یہ بات اخبارات میں نہیں آئی - لیکن معتبر راوی ہیں - کہ ۸۰ افسروں کو جن کا تعلق گریڈ ۲۰، ۱۹، ۱۸ سے تھا - ان کو چلتا کیا گیا ہے - بھئی اگر بددیانتی ختم ہو گئی تھی - تو پھر ان ۸۰ افسروں کی شامت کیوں آئی لوگ شکوک و شبہات کا اظہار کرنے

لگے ھیں - جناب چیئرمین لوگوں کا خیال ھے - کہ نہ پہلوں کو اس نیت سے نکالا گیا تھا - اور نہ ان کو اس نیت سے نکالا گیا ھے - کہ انتظامیہ کی تطہیر ھو - طہارت ھو بلکہ اس لئے نکالا گیا ھے - کہ کچھ لوگ اربلب اقتدار سے اتفاق نہیں رکھتے ھیں - اس لئے ان سے چھٹکارا حاصل کیا جائے - اور ان لوگوں کی جگہ ان لوگوں کو بلایا جائے - جو ارباب اقتدار کے قریب ھوں - ان کے خوشہ چیں ھوں - جو ان کے حاشیہ بردار ھوں - جو ان کے ٹوڈی ھوں - جو ان کے ثناء خواں ھوں - ایسے لوگوں کو لایا جائے - جناب والا ھماری ریکروٹمنٹ کا معیار اگر یہ ھو - کہ فلاں چونکہ مجھ سے اتفاق کرتا ھے - میرا ثناء خواں ھے - میرے حق میں دعا کرتا ھے - میرا دعا گو ھے - چاھے لیاقت کے معیار پر پورا نہ اترتا ھو - اور کسی کو ڈپٹی سیکریٹری کسی کو جوائنٹ سیکریٹری اور کسی کو کیا کچھ لگا دیا جائے - اور اس کا نام "لٹیرا نٹری" رکھ دیا جائے - تو کیا کرپشن بڑھے گی نہیں - تو اور کیا ھوگا - اور پبلک سروس کمیشن کو معنوی اعتبار سے معطل کر دیا جائے - لفظی اعتبار سے نہیں - میری اطلاع کے مطابق موجودہ چیئرمین پبلک سروس کمیشن نے حکومت کو لکھا ھے - کہ صاحب ھماری کیا ضرورت ھے - ھمیں اجازت دیجئے - کہ ھم گھر جائیں - کیونکہ Constitution میں لوگوں کی آنکھوں میں دھول ڈالنے کے لئے پبلک سروس کمیشن کا نام لکھا ھوا ھے لیکن سینکڑوں کی تعداد سے ہر دوسرے تیسرے مہینے اپنے خوش آمدیوں کی کھیپ کی کھیپ ایڈمنسٹریشن میں داخل کر دیجاتی ھے کیا وہ لوگ جو صرف کسی کے ساتھ وابستہ ھوں گے خواہ وہ رشتہ‌دار کی حیثیت سے ھوں خواہ وہ دوستی کا تعلق ھو یا پیار ھو تو کیا ان سے یہ توقع کی جا سکتی ھے کہ وہ اس ملک کی سول انتظامیہ کے اس نظام کو بہتر بنائیں گے لیکن جس معیار پر رکھنے کے لئے ارباب اقتدار نے وعدہ کیا تھا اور دعوی کیا تھا ... جناب چیئرمین ! میں آپ کا شکر گزار ھوں کہ آپ نے مجھے روکا نہیں - میں نے اپنا نصف گھنٹہ قاعدے کی رو سے لے لیا ھے اب میں اپنے دوستوں کی تقاریر سنے کا منتظر ھوں -

جناب ڈپٹی چیئرمین : راؤ صاحب میں معلوم کرنا چاھتا ھوں کہ کون کون ممبر بولیں گے ...

راؤ عبدالستار : جناب چیئرمین، میں خواجہ صاحب کا بڑا شکر گزار ھوں کہ انہوں نے ایک بہت اھم مسئلہ کی طرف اس معزز ھاؤس کی توجہ مبذول کرائی ھے - لیکن ساتھ ھی افسوس سے یہ کہنا پڑتا ھے کہ ھم منتظر تھے کہ خواجہ صاحب اس کرپشن کے مسئلہ پر روشنی ڈالتے ھوئے اس کے اسباب اس ھاؤس کے سامنے پیش کریں گے اور اپنی مفید تجاویز سے مستفید فرمائیں گے لیکن افسوس کہ انہوں نے اپنی ساری تقریر میں ایسا نہیں کیا - بلکہ ان کی تان حسب دستور اور حسب عادت Party in Names پر ٹوٹی اور اس طریقے سے انہوں نے نہ صدر کو چھوڑا - فیڈرل ایڈمنسٹریشن، پروفیشنل ایڈمنسٹریشن حتی کہ کوئی بھی ان کے اس حملہ سے نہیں بچ سکا - جناب والا ! خواجہ صاحب کو پتہ ھونا چاھیئے کہ یہ عوامی حکومت نے برسراقتدار آتے ھی اس اھم مسئلہ کی طرف کتنی تندھی سے کام کیا

[Rao Abdus Sattar]

اور کتنے اقدمات کئے جن سے سول انتظامیہ کسی حدتک صاف ستھری ہو گئی ہے اور اس میں بدعنوانی کو کسی حدتک ختم کرچکی ہے - جناب والا ! خواجہ صاحب نے، مجھے بڑا افسوس ہے اپنی تقریر میں اس مسئلے سے متعلق کوئی اسباب نہیں بتائے کوئی تجاویز نہیں دیں لیکن جناب والا ! اگر دیکھا جائے تو یہ مسئلہ صرف پاکستان میں ہی نہیں بلکہ سارے ترقی پذیر ممالک اس لعنت سے دو چار ہیں - ہمارے ملک میں اس کے کئی ایک اسباب ہیں جو سب سے بڑا سبب تھا وہ ہماری حکومت جو کہ ہمیں ورثے میں ملی تھی اور وہ انگریزوں کی سی ایڈ منسٹریشن جس کے افسران اپنے آپ کو صاحب سمجھتے تھے اور ان سے کوئی پوچھنے والا نہیں تھا اپنی من مانیاں کرتے تھے لیکن اس موجودہ حکومت نے جو کہ عوامی حکومت ہے جو کہ جمہوریت کو اپنے ساتھ لے کر آئی ہے بلکہ جمہوریت کی پیداوار ہے اس نے آتے ہی سب سے پہلے اسی اہم مسئلہ کی طرف توجہ دی اور کئی ایسے بدعنوان افسروں کو نکال دیا اور اب جو آفیسرز ہیں وہ قوم کے سامنے جوابدہ ہیں - جناب والا یہ بڑی پرانی بیماری ہے اس کا قلع قمع کرنے میں کچھ وقت لگے گا - جناب والا ! پیپلز پارٹی برسراقتدار آئی اور اپنے بنیادی پروگرام کے مطابق اور اپنے منشور کے مطابق ملک میں تب سے اقدامات کئے ہیں اس سے پہلے انسان کے ہاتھوں انسان کا استحصال کیا جارہا تھا اور رشوت ستانی انتہا تک پہنچ چکی تھی لیکن اس کا سدباب کرنا یہ عوامی حکومت اپنا فرض سمجھتی ہے اس لئے اس نے سول انتظامیہ میں اصلاحات کی ہیں جو بدعنوان افسر تھے جو نااہل تھے اور جنکا ریکارڈ خراب تھا ان کو ملازمت سے سبکدوش کیا - خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ اپنے آدمیوں کو بھرتی کرتے ہیں جبکہ ہمارے منشور میں یہ لکھا ہوا ہے کہ ہم قابل آدمیوں کو آگے لائیں گے چونکہ یہ غریبوں اور مزدوروں کی حکومت ہے لیکن یہ کہتے ہیں کہ یہ خاص آدمیوں کو رکھتے ہیں - جناب والا ! میں آپ کی وساطت سے ان کو چیلنج کرتا ہوں کہ یہ بتائیں کہ فلاں شخص کی ریکروٹمنٹ انہوں نے اس لحاظ سے کی ہے یا کسی نااہل آدمی کو رکھا ہو - جناب والا ! میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ Recruitment کے سلسلے میں کوئی بے ایمانی نہیں ہوئی ہے اور انشاء اللہ جبتک عوامی حکومت رہے گی ایسا نہیں ہوگا اور صرف انہی لوگوں کو بھرتی کیا جائیگا جو کہ اس کے معیار پر ہوں - جناب والا ! اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ corruption ہے لیکن یہ عوامی حکومت حتی الامکان یہ کوشش کر رہی ہے کہ کسی طرح سول انتظامیہ کو صاف ستھرا کیا جائے - یہ صرف ہمارے ملک میں ہی نہیں بلکہ دوسرے ممالک میں بھی جو حشر ہے وہ ہم سے کہیں زیادہ بدتر ہے - اس سے زیادہ حالت خراب ہے - عوامی حکومت نے ہر صوبہ میں اصلاحات کی ہیں اور سول انتظامیہ کو درست کرنے کے لئے اقدامات کئے ہیں - اور ہر جگہ پر ترقی ہو رہی ہے اور اچھے اچھے پروجیکٹوں پر کام ہو رہا ہے تاکہ ہمارے ملک کی پیداوار بڑھے اور ہمارے ملک کی اقتصادی حالت بہتر ہو - اور کم سے کم امداد لیں بلکہ ہماری تو یہ کوشش ہے کہ ہم خود کفیل ہوں اور یہ بدعنوانی کا قلع قمع ہو تو جناب والا ! یہی میری گذارشات ہیں اور ان کے ساتھ میں شکریہ ادا کرتا ہوں -

جناب ڈپٹی چیئرمین : yes زمرد حسین -

جناب زمرد حسین : جناب چیئرمین ! سول انتظامیہ میں بدعنوانی کی جو بات ہوئی ہے میں کوشش کروں گا کہ جن خرابیوں کی نشاندھی میرے دوست خواجہ صاحب نے نہیں کی میں کروں - راؤ صاحب نے جو فرمایا ہے کہ ادھر سے تجاویز نہیں بتائی گئیں تو میں محترم قائد ایوان کی اس بات سے متفق ہوں اور کوشش کروں گا کہ ان کو مطمئن کرسکوں - میں اسباب بھی بتاؤں گا اور تجاویز بھی جناب چیئرمین ! اگر پانی ٹھیک ہو اور نل صحیح بہتا ہو تو پانی صاف ہی رہتا ہے لیکن اگر پانی گدلا ہوتا ہے تو پھر لوگوں کو فوراً احساس ہوتا ہے کہ درمیان کی نالی ٹوٹ گئی ہے - اور اس پر فوری توجہ دے کر اس کو صاف کردیا جاتا ہے - اور چشمہ کا پانی ہمیشہ صاف بہنا شروع ہو جاتا ہے - کرپشن کا مسئلہ جناب چیئرمین ! بالکل اسی طرح کا ہے - چھوٹے لیویل پر کرپشن ہو ہی نہیں سکتی - ممکن ہی نہیں ہے اگر ہو گی تو فوری طور پر روکی جا سکتی ہے - جیسا کہ چشمہ جو ہے وہ صاف ہو - جناب چیئرمین ! چونکہ وقت میرے پاس تھوڑا ہے اس لئے کوشش کروں گا کہ اپنے مفہوم کو زیادہ تیزی سے واضح کروں - میں آپ کو ایک مثال سناؤں میرا سارا فلسفہ آپکے سامنے آجائے گا - بلوچستان میں ہمارے ایک سینئر افسر کو امن عامہ کی بحالی کے لئے کچھ لوگوں کی حمایت حاصل کرنے کے لئے انہیں کچھ فنڈز دینے کی ضرورت محسوس ہوئی - انہوں نے اپنے ماتحت افسر کو بلایا اور کہا کہ میری خواہش ہے کہ اس فرد کو پانچ ہزار روپیہ دیدیا جائے - انہوں نے کہا کہ محترم کہاں سے ؟ انہوں نے کہا کہ کسی ٹھیکیدار کو ٹھیکہ دیدو انہیں پانچ ہزار روپے مل جانے چاہئیں اسلئے کہ میری سیاسی ضروریات ہیں یہ کام ہو جائے - اس افسر نے اپنے ماتحت کو جو ٹھیکہ دینے کا انچارج ہے اسکو بلایا اور کہا کہ اب ایسے تین مختلف ٹھیکے بنا کر لاؤ - یہ بڑے صاحب کا آرڈر ہے اس کو ہم نے پورا کرنا ہوگا - جب چھوٹے صاحب بنا کر لائے تو انہوں نے ایک ٹھیکیدار سے کام کے پانچ ہزار روپے لے لئے اور اس فرد کے حوالے کردیئے جب چھوٹے افسر نے دیکھا کہ بڑے صاحب کو اس نے پیسہ دیا ہے تو اس نے کہا کہ میں بھی ایک ٹھیکہ بنا دوں میرے بھی کچھ خاندانی مسائل ہیں ان کو حل کرنا چاہتا ہوں - یہ پیسہ مجھے بھی چاہیئے تو جناب چیئرمین ! انہوں نے ایک پانچ ہزار دینے کیلئے بیس ہزار روپے کی کرپشن کی - میں یہ عام مثال دے رہا ہوں کرپشن پھیلنے کی - جناب چیئرمین ! سول انتظامیہ - ایک مسئلہ بن گئی ہے بلکہ لوگ مذاق میں کہتے ہیں کہ ان افسروں کو تنخواہیں تو صرف اس بات کی ملتی ہیں کہ وہ دفتروں میں جا کر بیٹھیں - باقی جہاں تک کام کا سوال ہے تو پھر جو کام کروانے والا جائے وہ کوئی ریٹ طے کرے تو پھر اس کے مطابق کام ہوگا - تنخواہ صرف اس کو دفتر میں بیٹھنے کی ملتی ہے اس کی جناب چیئرمین بڑی واضح وجوہات ہیں - کرپشن کی بنیاد یہ ہے کہ کسی فرد کو جب اپنے مستقبل پر یقین نہ ہو اور اس کے ذہن میں خدشہ موجود ہو کہ ہمارا مستقبل غیر محفوظ ہے - وہ کوشش کرتا ہے کہ جتنا اکھٹا کر سکتا ہو کرلے تاکہ اس کے پسماندگان جو ہیں وہ محروم نہ رہیں - اس لئے وہ کرپشن کی طرف مائل رہتے ہیں - یہ تو ہے پہلی

[Mr. Zamarud Hussain]

بنیادی بات - دوسری بات یہ ہے کہ اس کی ضروریات پوری نہیں ہوتیں وہ اپنی ضروریات اس سے پوری کرنیکی کوشش کرتا ہے - اسکی دو وجوہات ہیں اس وقت چونکہ سول انتظامیہ کی بات ہو رہی ہے، بڑے لوگوں کی بات ہو رہی ہے اس لئے میں پہلے پر ہی بات کروں گا - کیونکہ مستقبل غیر یقینی ہے جب آپ سول انتظامیہ کا مستقبل غیر یقینی بنا دیں گے - آپ آئین میں یہ شامل کردینگے کہ ملازمت ۰۰۰ ہماری خواہش پر ہے ہم جب چاہیں نکال دیں تو ظاہر ہے کہ وہ یہ محسوس کرے گا کہ میں اس وقت ملازم ہوں اس گورنمنٹ کا - یہ تنخواہ مجھے اس وقت ملے گی جب پیا مجھے چاہے گا - تو ظاہر ہے کہ پیا کو جب خوش کرنا ٹھہرا تو ظاہر ہے وہ پیا کی خواہش پر دوسرے مخالفین کو ختم کرنے کی کوشش کرے گا اس کے ہاتھ منہ پر چڑھے گا ظاہر ہے اس راستے کو اپنائے گا - جناب چیئرمین ! آپ کو ایک مثال دوں - بلوچستان میں ایک بہت بڑے سی ایس پی آفیسر ہیں - وہ کل ضلع کے خودمختار ہیں - انہوں نے ایک منسٹر سے طے کیا کہ ایک لاکھ روپے آپ کو میں اس معاوضہ میں فراہم کروں گا کہ مجھے تحفظ ملے میں اپنے ضلع میں جو چاہوں گا کروں گا - جب اس سے بڑے وزیر صاحب کو پتہ چلا تو انہوں نے بلایا اور کہا کہ واہ صاحب واہ بڑے ہم اور پیسہ چھوٹا لے جائے یہ پیسہ مجھے ملنا چاہیئے - انہوں نے کہا صاحب ٹھیک ہے مجھے تو تحفظ چاہیئے آپ لے لیجئے اس نے انکو دینا شروع کر دیا اس درمیانہ عرصہ میں چند غریب لوگوں نے ایک درخواست دی وہ درخواست پہنچتے پہنچتے اسلام آباد پہنچی اس درخواست پر اسلام آباد سے آڈر ہوا کہ اس آدمی کے خلاف انکوائری کی جائے اور جب وہ انکوائری وہاں پہنچی تو ان صاحب نے جن کے خلاف انکوائری ہونی تھی انہوں نے اس کو گھر کھانے پر بلایا اور دس ہزار پیش کیا - انکوائری ختم اور جب انہوں نے اگلے مہینے پیسے بھیجے تو ایک لاکھ کی بجائے نوے ہزار بھیجا حساب کر کے بتایا کہ اسلام آباد سے ایک صاحب انکوائری کرنے آئے تھے دس ہزار ان کو دیا نوے ہزار آپ کو دیا - ایک لاکھ برابر حساب کرکے دیا - حساب بےباق - جناب چیئرمین جب معیار اس بات پر آجائے کہ پیا کے چاھنے پر اور پیا یہ چاہے کہ مجھے اپنے سیاسی مخالفین کو ختم کرنا ہے تو ظاہری بات ہے کہ وہ اپنا راستہ خود ناپیں گے - جناب قائد ایوان نے ایک بڑی دلچسپ بات کہی کہ ان کو ملازمتوں سے نکالا - میں بتاوں جناب چیئرمین کہ بلوچستان سے چار ایکس ای این نکالے گئے تھے تیرہ سو کی کیٹیگری میں - آپ تو انہیں اچھی طرح جانتے ہوں گے جناب چیئرمین - ایک تو خیر پور کے ہیں - چار سال پہلے نکال دیئے گئے ملازمتوں سے تیرہ سو کی فہرست میں - لیکن وقت آیا تو ان کو گزشتہ چھ مہینے آٹھ مہینے پہلے بحال کر دیا گیا - کس شرط پر کہ ان کو چار سال کی تنخواہیں ملیں گی - وہ corrupt تھے اس لئے ان کو تیرہ سو کی فہرست میں شامل کر کے نکال دیا گیا تھا - اب وہ شریف ہو گئے ہیں - ان کو گزشتہ چار سال کی تنخواہ بھی دے دی ہے - پھر جناب اخباروں میں کیا کیا داستانیں چھپی ہیں ایک صاحب نے کولمبس ہوٹل خرید لیا ہے ایک صاحب نے کراچی میں سینما خرید لیا ہے - ایک صاحب معطل ہیں تو

اسلام آباد سے آڈر آ جاتے ھیں ان کو ایکس ای این کی بجائے ایس آئی بنا دو - جناب ملک میں یہ صورت حال پیدا ھو جائے تو مجھے بتائیں کہ ملک میں کرپشن کس طرح رکے گی ؟ کرپشن روکنا کوئی مذاق نہیں ھے - اس میں اپنے آپ پر جبر کرنا پڑتا ھے - اب آپ اپنے مذموم مقاصد کیلئے لوگوں کو استعمال نہیں کریں گے ان کو ملازمت کا تحفظ دیں گے پھر آپکے متعلق انکو یہ تاثر ھوگا کہ یہ بڑے فیئر لوگ ھیں - اگر غلط کام کریں گے تو بڑے آئینی طریقے سے ڈیل کریں گے جب آپ انہیں سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کریں گے، آپ ان سے غلط کام لینگے، ان کو غلط طور پر استعمال کریں گے پھر آپ ان سے یہ توقع کریں کہ وہ ایماندار رھیں گے یہ ناممکن بات ھے - لہذا اگر آپ چاھتے ھیں کہ اس ملک میں کرپشن نہ ھو آپ کو ملازمتوں کا تحفظ دینا پڑے گا آپ کو ان کو آئین کے مطابق کام کرنے کی آزادی دینی پڑے گی - آپ انہیں سیاسی مقاصد کے لئے استعمال نہیں کریں گے اور اس کے لئے خود اپنے آپ پر قابو پائیں گے اور ان کو آئینی ھاتھوں سے ڈیل کریں گے تو پھر اس ملک میں کرپشن رک سکے گی باقی اگر آپ صرف زبانی کلامی اخبارات کے بیان کے ذریعے اس مسئلہ کو حل کرنا چاھیں گے میں آپ کو یہ یقین دلاتا ھوں کہ یہ مسئلہ حل نہیں ھوگا - جس طرح عوامی حکومت اس مسئلے کو آگے بڑھا رہی ہے مجھے یقین ھے کہ کرپشن دن بدن آگے بڑھیگی اور اسکے ختم ھونیکا کوئی سوال ھی نہیں پیدا ھوتا جی - اب جناب پی ڈبلیو ڈی ھمارا ایک محکمہ ھے آپ کے علم میں ھوگا پینتیس فیصد کمیشن یہاں اسکو برائی سمجھا نہیں جاتا ایک لاکھ کا کام ھے تو جب وہ ہاتھوں میں جائیگا تو پینتیس فیصد کمیشن ھوگا - سات فیصد ایس ڈی او صاحب، دس فیصد ایکس ای این صاحب، پندرہ فیصد ایس سی صاحب - جب ٹھیکیدار اس کام کیلئے پینتیس فیصدی کمیشن دینگے تو ظاھر ھے کہ پندرہ فیصدی خود بھی چاھیں گے تو جناب چیئرمین ! ھمارے ملک میں جو فنڈز استعمال ھوتے ھیں اسکے چالیس روپے کام پر لگتے ھیں اور ساٹھ روپے ان کمیشن اور لین دین پر چلے جاتے ھیں یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ھے اوپر سے لیکر نیچے تک سب لوگ جانتے ھیں - جتنے یہاں بیٹھے ھیں سب جانتے ھیں لیکن ھم کچھ کر نہیں سکتے، انہیں روکتے نہیں اس کی وجہ یہ ھے کہ ھماری آمدنی کے ذرائع بھی یہی لوگ ھیں انکے ذرائع سے ھمارے بہت سے مسائل جو ھیں وہ حل ھوتے ھیں - ایک جناب لطیفہ سناؤں - میں محسوس کر رہا ھوں کہ میرا ٹائم ختم ھو رہا ھے - بس یہ لطیفہ سنا کر بات ختم کرتا ھوں - کرپشن کیسے رکے جناب چیئرمین قائد ایوان سے پوچھتا ھوں ھمارے ایک وزیر اعلی صاحب نے تربت میں ایک شکایت پر ایک ایکس ای این صاحب کو معطل کرنے کے آرڈر جاری کیے - ایک جلسہ عام میں اعلان کر رھے ھیں کہ فلاں آدمی کرپٹ ھے اسکو معطل کر رہا ھوں اور اس کو کراچی پہنچنے میں چار گھنٹے لگے اور کراچی پہنچتے ھی انہیں بحالی کے آرڈر کر دینے پڑے - اب ظاھر ھے کہ چار گھنٹے پہلے معطل کر دیا گیا ھو نااھلی اور بدعنوانی کے الزام میں اور کراچی پہنچتے ھی ان کی بحالی کا اعلان ھو جاتا ھے تو اب کرپشن کیسے دور کی جا سکتی ھے - یہ مسئلہ ایسا لمبا چوڑا ھے کہ میرے خیال میں اس پر گھنٹوں بات کی جا سکتی ھے لیکن جناب چیئرمین

[Mr. Zamarud Hussain]

میرا وقت ختم ہو رہا ہے لہٰذا جناب چیئرمین ان الفاظ کے ساتھ کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ کرپشن اس ملک میں ختم ہو تو آپ کو پہلے سرچشمہ صاف کرنا پڑے گا اور جب تک سرچشمہ صاف نہیں ہوگا یہ توقع کرنا کہ نیچے بہتا پانی صاف بہے گا یہ قطعی نا ممکن بات ہے -

Thank you very much.

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Qurban Ali Shah.

جناب قربان علی شاہ : جناب چیئرمین ! موجودہ حکومت کو پچھلی حکومتوں سے جو چیزیں ورثے میں ملی ہیں ان میں ایک بات یہ بھی شامل ہے کہ اس کو کرپٹ انتظامیہ بھی ورثے میں ملی ہے جہاں تک میں نے محترم خواجہ صاحب کی تقریر سنی ہے اس کا لب لباب یہ معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے کسی نہ کسی طریقے سے ان راشی افسران کی وکالت کرنے کی کوشش کی ہے جن کو کہ موجودہ عوامی حکومت نے اس ملک کے غریب عوام کو لوٹنے اور کھسوٹنے کے الزام میں نوکریوں سے نکالا ہے جہانتک محترم زمرد حسین خان صاحب کی تقریر کا سوال ہے ان کی ساری تقریر سنی سنائی باتوں اور مفروضات پر مبنی ہے جب کے اس معزز ایوان میں چیزیں حقائق کے ساتھ پیش کرنی چاہیئے - مجھے سمجھ میں نہیں آتا کہ ایک طرف ہماری اپوزیشن پارٹیوں کے لیڈر کرپشن کرپشن کی باتیں ہر جگہ چلاتے پھرتے ہیں اور دوسری طرف جب حکومت ان راشی افسران کے خلاف کارروائی کرتی ہے اور ان کو نوکریوں سے نکالتی ہے تو وہی مشہور و معروف لیڈر جو کہ اپنا وقت انہی الزامات میں صرف کرتے ہیں وہ پرائم منسٹر کے ساتھ اعلیٰ میٹنگ میں جیسا کہ کانسٹیٹیوشن میں ان کی میٹنگ ہوئی - اس میں درخواستیں کرتے ہیں کہ ان افسران کو بحال کیا جائے - اگر اخبارات کو دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ انہوں نے کئی دفعہ ایسی ہی درخواستیں کریں کہ انکو بحال کیا جائے - موجودہ حکومت سے پہلے وہی والا طریقہ کار چلا آتا تھا - سی-ایس-پی افسران جو اس ملک میں تھے ان کا طریق کار وہی تھا جو کہ انگریز افسروں کا طریق کار عوام کے ساتھ ہوتا تھا - یہ تو اسی حکومت کا کریڈٹ ہے کہ اس نے سی - ایس - پی کلاس کی جو superior mentality تھی اس کو ختم کر دیا - اب آپ دیکھیں کہ جہاں سی - ایس - پی لکھا ہوتا تھا اب وہاں سی - ایس - پی کے بجائے ایم - اے یا بی - اے لکھا ہوگا اور حتیٰ کہ اس حکومت نے یہ کیا ہے کہ سی - ایس - پی اکیڈمی میں مکمل طور پر تبدیلی لائی اور اب جو افسران وہاں ٹریننگ کے لئے جاتے ہیں تو ان سے تگاریاں اٹھوائی جاتی ہیں- راستوں کی مرمت کے لئے کام کرایا جاتا ہے تاکہ وہ اپنے آپ کو عوام کے حاکم نہ سمجھیں بلکہ عوام کا ایک حصہ سمجھیں - مجھے بڑا افسوس ہوتا ہے کہ ہمارے زمرد حسین صاحب جو ایک ایسی سیاسی پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں جس نے اپنے پروگرام میں سوشلسٹ نظام شامل کیا ہے لیکن انہوں نے جان بوجھ کر اس طرف سے اپنی آنکھیں بند کر رکھی ہیں چنانچہ اگر ہم دنیا پر نظر ڈالتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں سوائے چائنا کے یا چند ایسی سوشلسٹ حکومتیں ہمیں ملیں گی جہاں کہ کرپشن نظر نہیں آئے گی - ساری دنیا میں جہاں جہاں

سرمایہ دارانہ نظام ہے وہاں ہمیں کرپشن ملے گی جہاں بھی سرمایہ دارانہ نظام ہے چاہے وہ کوئی بھی ملک ہو آپ جمہورتوں کی مثال لے لیں - امریکہ میں ایسی باتیں ہوتی ہیں اخبارات میں آتی ہیں جن میں بڑے بڑے سیاستدان ملوث ہوتے ہیں - برطانیہ میں ایسی باتیں ہوتی ہیں جن میں سے بڑے بڑے سیاستدان ملوث ہوتے ہیں - اصل میں مسئلہ تو یہ ہے ہمارا نظام اتنا بیمار ہو چکا ہے اتنا سڑا ہوا ہے اتنا پسماندہ ہے کہ اب اسکا علاج آپریشن ہی رہ گیا ہے - جناب آپ اب دیکھیں کہ سپر ہائی وے کراچی پر دو بسوں کا ایکسیڈنٹ ہوا - اس ایکسیڈنگ میں کچھ آدمی مر گئے کچھ لوگ زخمی ہو گئے - باقی جو حضرات بچے جو زخمی نہیں ہوئے تو وہ مرے ہوئے لوگوں اور زخمیوں لوگوں کا سرمایہ لوٹنے میں ان کی گھڑیاں اور دوسری چیزیں لوٹنے میں مصروف تھے - ہماری اس سوسائٹی کا یہ حال ہوگیا ہے - دوسری مثال آپ فوڈ ڈیپارٹمنٹ کی لے لیں فوڈ ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے گورنمنٹ سوا ارب روپیہ سبسڈی دیتی ہے - اربن ایریا کو اس میں خرد برد ہوتی ہے - فلور مل والا کرتا ہے وہ بھی پاکستانی ہے - مسلمان ہے بھائی ہے - فوڈ ڈیپارٹمنٹ والے کرتے ہیں ڈپو والا کرتا ہے - ہمارے پاکستانی بھائی کرتے ہیں جو کہ جھوٹے راشن کارڈ بناتے ہیں - اس کی مثال میں آپ کو دوں کہ کراچی کی آبادی ۳۵ لاکھ ہے اور راشن کارڈ پچاس لاکھ کے جاری ہوئے ہیں - تو جناب اس سرمایہ دارانہ نظام کی وجہ سے آوے کا آوا ہی بگڑا ہوا ہے جبتک ہم یکسر اور مکمل طور پر اس میں تبدیلی نہیں لائیں گے تو جیسے کہ وہ کنویں میں ایک کتا گر گیا اور مر گیا پانی گندہ ہو گیا لوگوں نے کچھ ڈول پانی کے کنویں میں سے نکالے تاکہ نیچے سے صاف ستھرا پانی نکل آئے پانی پھر بھی گندہ رہا - انہوں نے پھر کچھ پانی کے ڈول نکالے پھر بھی پانی گندہ رہا جبتک کنویں میں سے مرا ہوا کتا نہ نکلے وہ پانی صاف نہیں ہو سکتا - زمرد صاحب نے چشمہ کی مثال جاکر اس حکومت کے ساتھ لگائی ہے - موجودہ حکومت نے تو کرپشن مٹانے کے لئے ہر ممکن کوشش کی ہے - میں آپ کو مثال دیتا ہوں سندھ کی چونکہ میں سندھ سے تعلق رکھتا ہوں - صوبہ سندھ میں برسراقتدار آنے کے بعد سابق وزیر اعلی نے اپنے دور میں ان افسروں کو جن پر کرپشن کا الزام تھا - نہ صرف نوکریوں میں نکالا بلکہ ان کو جیلوں میں ڈالا گیا ان کو سزائیں دی گئیں - یہ بات اس ایوان کے سارے معزز اراکین اچھی طرح جانتے ہیں - ایک طرف تو کہتے ہیں کہ جناب پی ڈبلو ڈی کے لوگ ۳۵ فیصد رشوت لیتے ہیں کیا یہ پہلے حکومتوں کے زمانے میں رشوت نہیں لیتے تھے - ہمارے خواجہ صاحب جب مغربی پاکستان کی اسمبلی میں ہوا کرتے تھے تو اس قسم کی تقریریں کیا کرتے تھے - تو یہ ساری چیزیں ورثہ میں ملی ہیں - اور ۳۵ فی صد رشوت سے وہ افسر بنگلے بنواتے ہیں گلبرگ میں یا کراچی کی ڈیفنس میں یا اسلام آباد میں - اگر آپ جائزہ لیں گے تو اس ملک کے غریب عوام کو جتنا یہاں کی نوکر شاہی میں لوٹا ہے اس کی مثال تاریخ میں کہیں نہیں ملتی ہے - میں کہتا ہوں اگر آپ جائزہ لیں گے تو آپ کراچی کی پوری ڈیفنس، پی سی ایس ایچ، لاہور کا سمن آباد، لاہور کا گلبرگ اور اسلام آباد میں آپ کو ساری بڑی کوٹھیاں افسروں کی ملینگیں اور دوسری طرف سے کسی

[Mr. Qurban Ali Shah]

نہ کسی طریقہ سے ان کی وکالت کی جاتی ہے - کہ صاحب افسروں کو اس لئے نکالا گیا کہ حکومت کے کچھ اپنے مقاصد تھے اور وہ افسر ان مقاصد کو پورا کرنے میں راضی نہیں تھے - اس لئے ان کو نکالا گیا - کون نہیں جانتا کہ وہ سارے افسر راشی تھے لیکن شاید اب بھی بعض ان افسروں کے اپوزیشن کے تعلقات ہیں - اس لئے ان کی وکالت اونچی سے اونچی اسٹیج پر ذاتی طور پر ملاقاتوں میں کی جاتی ہے اور سفارشیں کی جاتی ہیں اپوزیشن کے ممبروں کی طرف سے - اور اس کے بعد جب ناکام ہوتے ہیں تو کسی نہ کسی طریقے سے ان کی وکالت ایوان میں موشن کے ذریعے کی جاتی ہے تاکہ نوکر شاہی کے ناکارہ اور رشوت خور لوگوں کے خلاف پروسس بند کر دیا جائے - میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ پیپلز پارٹی اپنے منشور کے مطابق قائد عوام کی قیادت میں بتدریج اس ملک کے نظام میں تبدیلی لا رہی ہے اور سوشلزم کی طرف رواں دواں ہے -جس وقت اس مفلوج سرمایہ دارانہ نظام میں تبدیلی آئے گی اور اس کی سوشلسٹ معیشت نافذ ہوگی تو یہ برائیاں خود بخود ختم ہو جائیں گی - میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی جگہ لیتا ہوں -

سردار محمد اسلم : جناب چیئرمین ! اس مسئلے پر کافی تقریریں ہو چکی ہیں - اس لئے بہت زیادہ وقت نہیں لوں گا - اس موشن کو اگر پڑھا جائے تو اس کے الفاظ یہ ہیں -

"Situation arising out of rampant corruption in the civil administration of the Federal Government be taken into consideration."

جہاں تک سول ایڈمنسٹریشن کا تعلق ہے - زیادہ سول ایڈمنسٹریشن پبلک سے concerned ہوتی ہے اور یہ ۸۰ پرسینٹ پروونشیل سبجیکٹ ہوتا ہے کیونکہ فیڈرل گورنمنٹ کا سول ایڈمنسٹریشن سے، پبلک سے، ڈائریکٹ concern نہیں ہوتا بہر حال ان کا ایک دوسرے کے ساتھ تعلق ضرور ہوتا ہے اس لئے اس کو discuss کیا جا رہا ہے -

جناب والا ! کرپشن کے متعلق کافی کہا گیا ہے - جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں کہ انگریز سامراج برصغیر میں ہمیں سب سے بڑا جو تحفہ دے کر گیا تھا وہ کرپشن تھا - کرپشن ایک واحد شے ہے جو کہ ہمیں پوری کی پوری بغیر تقسیم کے مل گئی ہے - سوال یہ ہے کہ ہم نے دیکھنا ہے کہ آیا موجودہ حکومت نے اپنے برسر اقتدار آنے کے بعد کرپشن کو سوسائٹی سے eliminate کرنے کی موثر کوشش کی ہے یا نہیں - کرپشن کی سب سے بڑی ذمہ داری بیوروکریسی تھی اس ملک میں بیوروکریسی کی جڑیں اتنی مضبوط تھی کہ اسے ملک میں ایک علیحدہ حیثیت حاصل تھی - وہ مستقل کرپشن میں ایک اہم ترین فریق کی کی حیثیت سے اس ملک میں کام کر رہے تھے - یہی وجہ تھی کہ میرے دوست جناب زمرد حسین صاحب نے کہا کہ سرکاری ملازمین کو قانونی تحفظ نہیں ہے اس لئے وہ کرپشن کرتے رہیں گے کیونکہ انہیں قانونی تحفظ حاصل نہیں ہے اس لئے سرکاری ملازمین اپنے دفتروں میں بیٹھ کر، خصوصاً سی ایس پی آفیسر اپنے دفتروں میں بیٹھ کر، اپنے گھروں میں بیٹھ

کر، اپنی پرائیویٹ سوسائٹیوں میں بیٹھ کر یہ پراپیگنڈہ انڈر گراؤنڈ کرتے ہیں اور کر رہے ہیں افواہیں پیدا کرتے ہیں کہ ہمیں قانونی تحفظ حاصل نہیں ہے اور اس تحفظ کے نہ ہونے کی بناء پر ہم کرپشن کرتے ہیں یا کرپشن ہوگی - جناب والا ! یہ بات نہیں کیونکہ جو protection انہیں حاصل تھی اس کی وجہ سے ان کے ہاتھ زیادہ مضبوط تھے - اس وقت حکومت ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی تھی - کیونکہ جب ان کے خلاف ڈیپارٹمینٹل انکوائری شروع ہوتی تھی یا انٹی کرپشن کا محکمہ انکوائری شروع کرتا تھا تو اس وقت تک متعلقہ آفیسر اسسٹنٹ کمشنر سے کمشنر ہو جاتا تھا، سیکریٹری پروونشیل گورنمنٹ ہو جاتا تھا، ایڈیشنل سیکریٹری سنٹرل گورنمنٹ ہو جاتا تھا اور وہ کاغذات بیکار پڑے رہتے تھے اتنی مدت کے دوران وہ پینشن لے کر چلے جاتے تھے اسی سلسلے میں یہی ایک ریفارم سب سے بڑی ریفارم اس حکومت نے ایڈمنسٹریشن میں کی ہے - اس سے کوئی انکار نہیں کرسکتا - جناب والا ! انڈین گورنمنٹ نے اپنی پارلیمنٹ میں اگر پاکستان کی ریفارم کے متعلق کسی ریفارم کی صنعت کی ہے تو یہ ایڈمنسٹریشن میں ریفارم کے متعلق ہے انہوں نے اس بات کو ایڈمٹ کیا ہے کہ ہم ۲۷ سال میں ایڈمنسٹریشن میں ریفارم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ ایڈمنسٹریشن میں ریفارم کرکے بیوروکریسی کو ختم کیا جائے مگر وہ ابھی تک اس hold کو، اس grip کو ختم نہیں کرسکے - جناب والا ! یہی سب سے بڑی ریفارم موجودہ حکومت نے کی ہے کہ اس نے کرپشن کو ختم کرنے کے لئے ایڈمنسٹریشن میں ریفارم کی ہیں - کرپشن کو ختم کرنے کی ذمہداری جتنی حکومت پر عائید ہوتی ہے اتنی ہی ایوان کے ممبروں پر بھی عائد ہوتی ہے اور اتنی ہی پبلک پر بھی عائد ہوتی ہے - لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ میرے بھائی، جناب زمرد حسین نے یہ تو کہا ہے کہ جناب، ایک آدمی صوبہ بلوچستان میں ڈسمس ہو گیا اور وہ کراچی چلا گیا اس طرح ۴ گھنٹے کے بعد reinstate ہو کر آ گیا - جناب والا ! میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ شاید ان کے علم میں یہ چیز نہ ہو کہ ۱۹۷۱ء میں جب موجودہ گورنمنٹ برسر اقتدار آئی تو اس وقت مارشل لاء لگا ہوا تھا - میرے دوست نے یہ کہا کہ کرپشن ہمیں ورثہ میں نہیں ملی ہے اور خواجہ صاحب بھی اس بات کی تائید کر رہے تھے - کیونکہ اس بات پر ان کو بھی اعتراض تھا کہ یہ کرپشن ہمیں ورثہ میں نہیں ملی ہے - جناب والا ! میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ اگر یہ کرپشن ہمیں ورثہ میں نہیں ملی تو پھر ۱۹۴۷ء میں کرپشن ایکٹ بنانے کی کیا ضرورت تھی - جب ملک بنا اس وقت کرپشن نہیں تھا تو پھر ۱۹۴۷ء میں کرپشن ایکٹ بنانے کی کیا ضرورت تھی - اس کے بعد جب ایوب خان نے مارشل لاء لگایا اور اس کے بعد ایوب خان نے ۱۴۰۰/۱۳۰۰ آدمیوں کو کس لئے نکالا تھا - ایوب خان کے بعد جب یحییٰ خان آئے تو انہوں نے کافی آدمیوں کو ڈسمس کیا - جناب والا ! میں ان وجوہات کی بناء پر عرض کرتا ہوں کہ یہ چیز ہمیں ورثے میں ملی ہے -

جناب والا ! جب ۶ ماہ کے بعد مارشل لاء ختم ہوا تو بلوچستان میں ان کی حکومت بنی تو انہوں نے ۲۴ گھنٹے کے اندر ایک اورسیئر کو ایکس ای این بنا دیا - صوبہ سرحد میں

[Sardar Mohammad Aslam]

ان کی حکومت نے سرکاری جنگلات آرڈر میں دے دئیے - صاحب بہادر نے فرمایا کہ چونکہ حکومت کا آرڈر ہے محکمہ یہ کہتا ہے کہ نہیں ہو سکتا - حکومت کہتی ہے کہ ہو سکتا ہے - ہم حکومت ہیں، دیدیں - ہزاروں قتل کے کیسز عدالتوں میں پڑے ہوئے ہیں - میجسٹریٹ کو آرڈر کئے کہ ضمانت پر چھوڑ دیں اور ان کو ہمارے پاس بھیج دیں - ٹرانسفر کا انہوں نے اتنا بے محال سلسلہ شروع کیا - جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں کہ ایڈمنسٹریشن ٹھیک کرنے میں ایک صدی لگتی ہے اور ایڈمنسٹریشن خراب کرنے میں ایک سال لگتا ہے - یہ جو ایڈمنسٹریشن ہمیں دونوں صوبوں میں دے کر گئے ہیں وہ ایک دو سال میں ٹھیک نہیں ہو سکتی - جناب والا ! ان کو یہ دیکھنا چاہیئے کہ ہم اپنے فرائض پورے کرتے ہیں یا نہیں - ہم کرپٹ لوگوں کے خلاف اقدامات کرتے ہیں یا نہیں جو کہ حکومت کے نوٹس میں معاملہ آیا ہو - اگر ہم ان لوگوں کے خلاف ایکشن نہ کریں تو پھر یہ ہمیں بدنام کرنیکی کوشش کریں - لیکن اگر ہم ہی ان کی نشاندہی نہ کریں اور ہمیں پتہ ہو کہ فلاں و فلاں راشی افسر ہے - اور اس کا علم ہو لیکن چونکہ وہ ہمیں خوش کردے اور دوسری سائڈ والوں کو خوش کر دے یہ ان لوگوں کی کرپشن حکومت کے نوٹس میں نہ لائی جائے تو اس میں حکومت کا کیا قصور ہے - سوال یہ ہے کہ یہ دیکھیں کہ ہم کرپشن کو ختم کرنا چاہتے ہیں اور ضرور ختم کریں گے -

جناب والا، میں آخر میں یہ بھی گذارش کروں گا کہ مرکزی حکومت نے جو کرپشن کے متعلق بورڈ بنایا ہوا ہے اس کو چھوٹے ملازمین کے خلاف ایکشن نہیں لینا چاہیئے بلکہ ایک بڑے مرغے کے خلاف ایکشن لینا چاہیئے اور اس طرح خو بخود باقی ٹھیک ہو جائیں گے اور راضی ہو جائیں گے - شکریہ -

جناب محمد ہاشم غلزئی : جناب والا ! میں نے ان سب معزز ارکان کی تقریریں انتہائی دلچسپی سے سنی ہیں مگر مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ حزب اقتدار کی طرف سے جتنی بھی تقریریں ہوئی ہیں وہ آف دی پوائنٹ تھیں - ان میں سے کسی نے بھی اصل نقطہ کی طرف توجہ نہیں دی اگر دی ہے تو بہت کم -

جناب والا ! مسئلہ زیر غور یہ ہے کہ ملک میں سول ایڈمنسٹریشن جو کہ مرکزی حکومت کے تحت ہے، اس میں کرپشن کو زیر بحث لایا جائے اس سلسلے میں حکومت کو تجاویز پیش کی جائیں اور ان تجاویز کی طرف حکومت کی توجہ مبذول کرائی جائے اگرچہ ملک میں رشوت خوری بند نہیں کی جا سکتی، کم کی جا سکتی ہے - مگر یہاں پر کچھ ممبران نے تو پیپلز پارٹی کے خلاف اور کچھ ممبران نے نیشنل عوامی پارٹی کے خلاف الزامات لگائے ہیں اور حملے کئے ہیں - جناب والا ! رشوت خوری ایک لعنت ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے - رشوت کو ایلیمینیٹ کرنا بہت مشکل کام ہے اگر دیانتداری، ایمانداری کے ساتھ، عوام کے تعاون کے ساتھ کوشش کی جائے تو رشوت کو کم کیا جا سکتا ہے - رشوت ستانی پر تو خیر کافی بحث

ھو چکی ھے - میرے نزدیک اسکی سب سے بڑی وجہ یہ ھے کہ اس ملک میں جو رشوت کی لعنت آئی ھے وہ یہ ھے کہ عوام اور عوام کے نمائندے دین اور اخلاقیات سے دور ھو گئے ھیں - اگر یہ دین اور اخلاقیات کے اصولوں پر پابند رھیں اور اپنے اندر انسانی کردار پیدا کریں تو اسی طریقے سے رشوت ستانی دور ھو سکتی ھے میں جناب والا گذارش کرتا ھوں کہ آپ حضرت عمر رضؓ کے زمانے کو دیکھیں اور اگر آپ آج بھی سعودی عرب جائیں جو کہ چین کی طرح سوشلسٹ ملک نہیں ھے انہوں نے وہاں رشوت کو ختم کرنے کے لئے اسلامی نظام کے تحت ایسے قوانین بنائے ھیں ان کے تحت رشوت خور کو سخت سے سخت سزا دی جاتی ھے - اس طرح کوئی آدمی بھی دوبارہ رشوت لینے کی جرات نہیں کرسکتا اگر وہاں ھے بھی تو چھوٹے پیمانے پر ھے، مگر ھمارے مقابلے میں بہت کم ھے اسکی وجہ کیا ھے ؟ اس کی وجہ یہ ھے کہ جبتک ھم اپنے آپکو صحیح معنوں میں اسلام کے قریب نہیں لائیں گے اس وقت تک رشوت ختم نہیں ھو سکتی -

---

At this stage the Chair was vacated by Mr. Deputy Chairman and occupied by Mr. Presiding Officer, Agha Ghulam Nabi Khan.

---

جناب والا ! یہاں پر ھم نے وعدہ تو یہ کیا تھا - کہ اسلامی مملکت پاکستان ھوگی - مگر درحقیقت نہ یہاں اسلامی نظام ھے - اور نہ سوشلسٹ نظام ھے - اور نہ وہ جو اپنا پرانا روائتی اسلامی نظام تھا - وہ ھے - میں یہ عرض کروں گا - کہ اگر حکومت دینی اور اخلاقی اصولوں کے تحت سخت قوانین وضع کرے - جیسے پولیٹیکل پارٹیوں کی تحریکوں کو دبانے کے لئے "انٹی کرپشن ایکٹ" اور Terrorist Activities Act لا رھے ھیں - جیسا کہ کل پرسوں ھم نے پاس کیا ھے - اگر اسی قسم کے سخت قوانین جو مارشل لاء کے قوانین ھیں - وہ رشوت خوری کے سلسلے میں وضع کرے - اور اس پر عمل کرے - تو یہاں پر یقینی طور پر اس میں کافی کمی ھو سکتی ھے - تو میں حزب اقتدار کی خدمت میں یہ عرض کروں گا - کہ اس طرح ملک میں جو رشوت خوری ھے - کرپشن ھے - میں اس کی تفصیل میں نہیں جانا چاھتا - کیونکہ میرے خیال میں میرے ساتھی متفق ھیں۰۰۰

جناب صدارت کنندہ آفیسر : (آغا غلام نبی خاں) وہ دونوں طرف سے کہا ھے -

جناب محمد ھاشم غلزئی : جی ہاں دونوں طرف سے یہ کہا گیا ھے - اب مسئلہ یہ ھے کہ اس کو روکنے کے لئے کیا تدابیر اخیار کی جائیں تو میں یہ عرض کروں گا کہ اس قسم کے اقدامات کئے جائیں - ایسا پروپیگنڈہ کیا جائے کہ لوگوں کا رحجان دین کی طرف ھو - اور اخلاقی کردار بنانے کی طرف لوگوں کا رحجان ھو - دوسری بات یہ ھے کہ سخت سے سخت قوانین وضع کئے جائیں اور جب اس قسم کے آدمی پکڑے جائیں تو انہیں وقتی طور پر سزا دی جائے - میں کوئی قانون داں نہیں ھوں - وکیل نہیں ھوں

[Mr. Mohammad Hashim Ghilzai]

لیکن مجھے اپنے دوستوں سے معلوم ہوا ہے کہ کرپشن کے سلسلے میں جو موجودہ قوانین ہیں - وہ بہت ہی نرم ہیں اور رشوت کو ثابت کرنا بہت مشکل کام ہے - اس واسطے موجودہ قانون میں ترمیم کی جائے اور سخت قوانین بنائے جائیں - کیونکہ رشوت ثابت کرنا بہت مشکل کام ہے - پھر وہ اپیلوں میں چلے جاتے ہیں اس لئے وہ ثابت نہیں ہو سکتا - اس لئے اگر سخت قوانین بنائے جائیں - تو اس میں کسی حد تک کمی ہو سکتی ہے - باقی میں ایک اور بات کی طرف حزب اقتدار کی توجہ مبذول کراؤں گا - گو وہ صاحب یہاں پر موجود نہیں ہیں - یہاں سول محکمہ جات لینڈ کسٹم وغیرہ میں تو رشوت خوری ہے لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے - کہ دینی مسائل جو ہیں - رلیجس affairs جس کے ہمارے درباری مولا صاحب وزیر ہیں - وہاں پر بھی کرپشن ہے - مقدس مقامات مکہ اور مدینہ میں جو پاکستان ہاؤس ہے، PIA ہے - وہ بھی پیسے لے کر کام کرتے ہیں - اور یہاں پھر وہ بڑے فخر سے کہتے ہیں - کہ وہاں ۳۵ لاکھ روپے کا مکان لیا ہے اور اس پاکستان ہاؤس میں وہاں پر کون لوگ رہتے ہیں - سرکاری ملازم یا وزیر صاحب وغیرہ - انکی وہ رہائش گاہ ہے - تاکہ ان کو کرایہ وغیرہ نہ دینا پڑے - وہاں پر ڈاکٹر بھی ہے - ڈسپینسرز بھی ہے - وہاں کلرک اور ڈائریکٹر حج بھی تھا - میرا خیال ہے کہ بدقسمتی سے یا خوش قسمتی سے اس سال مجھے بھی وہاں جانا پڑا - میں ریاکاری کے طور پر یہ باتیں نہیں کر رہا ہوں بلکہ میں چاہتا ہوں - کہ حکومت کی توجہ اس طرف مبذول کراؤں کہ وہاں پر پاکستانی لوگوں کی کہاں تک خدمت ہوتی ہے - وہاں کلرک وغیرہ بھی ہیں - بدقسمتی سے مسلمانوں کا کردار اس قدر گر گیا ہے کہ وہاں پر مکہ معظمہ میں حرم شریف کا طواف کرتے وقت چوری ہوتی ہے - پہلے بدو وغیرہ چوری کرتے تھے - مگر آج کل طواف کے وقت حاجی بے چاروں کے پاس جو پیسے ہوتے ہیں - وہ پیسے احرام میں باندھ لیتے ہیں تو وہاں پر طواف کے وقت حرم شریف میں جیب کترے آجاتے ہیں اور انکے پیسے لے جاتے ہیں - پاکستان کے فرنٹیئر کے ضلع ہزارہ کے تیرہ آدمی تھے جنکی جیبیں جیب کتروں نے کاٹ لی تھیں وہ بیچارے میرے پاس آئے کہ ہمارے پاس پیسے نہیں رہے - میں نے درخواست لکھ دی اور کہا کہ پاکستان ہاؤس جاؤ اور وہ انکے لئے کچھ کام کرے - وہاں ڈالر ملتے ہیں ڈالر کے ساتھ ایک اور فارم بھی ملتا ہے - اگر وہ گم ہو جائے تو بنک والے مجبور ہوتے ہیں کہ وہ دوسرا فارم بنائیں - وہ فارم لیکر میں نے انکو دیئے - اور فارم کے ساتھ درخواست لکھکر دی کہ اسے پاکستان ہاؤس لے جاؤ - ان میں سے ایک محمود ہزارہ کا تھا - اس سے کہا کہ بھئی یہ انکی درخواست ہے - یہ فارم ہیں اور یہ پاسپورٹ ہے - اس پر کارروائی کریں - ان کو بنک سے پیسہ دلائیں - تاکہ انہیں کچھ پیسے مل جائیں کیونکہ ہمارے پاس تو اتنے پیسے نہیں ہیں کہ انکو دیں - لہذا انکی مدد کرو اور انکا کام اپنی ایمبسی کے ذریعے کرادو کیونکہ پاکستان ہاوس کا کام یہ ہے کہ وہ حاجیوں کیلئے کام کرے - اگر وہ کام نہیں کرتا تو اسکا کیا فائدہ ہے کہ ۳۵، ۴۰ لاکھ روپے خرچ کئے جائیں - جناب والا ! تین دن ہم وہاں جاتے رہے - میں خود انکے ساتھ تھا - ڈائریکٹر حج کہتا کہ انکے پاس چلے جاؤ وہ کارروائی

کرینگے - بھئی اسکو ٹائپ کرو - انکو پاکستان کی ایمبیسی کے پاس لے چلو یا انکو اپنی طرف سے پیسے دو تاکہ یہ اپنا کام چلا سکیں اور بعد میں بنک سے وصول کرلینا لیکن متواتر تین چار روز تک انکی درخواست ٹائپ تک نہیں ھوئی - پھر ھم نے جدے میں جاکر دوسری جگہ سے درخواست ٹائپ کراکے پیش کی اور یہاں نیازی صاحب بڑے فخر سے کہتے ھیں کہ یہ کیا - وہ کیا - لیکن کچھ بھی نہیں ھوتا - ویسے ھی پیسے ضائع کئے ھیں - اسی طرح PIA والے بھی رشوت لیکر ٹکٹ دیتے ھیں - کسی کو آگے کرکے اور کسی کو پیچھے کر کے یعنی کہ مقدس مقامات پر ھمارے بھائی رشوت لیتے ھیں - مذھبی اداروں میں بھی رشوت لیتے ھیں اور یہ ایک حقیقت ھے - ھمیں کوشش یہ کرنی چاھیئے کہ اسے کم کریں اور حکومت سخت سے سخت قوانین بنائے تاکہ سخت سے سخت کارروائی کی جائے اور کسی طرح یہ لعنت کم ھوسکے - میں آپکو اسکی ہزاروں مثالیں دے سکتا ھوں - اگر میں اس پر بولنا چاھوں تو دو گھنٹے بول سکتا ھوں - آپ کو معلوم ھے کو کوئی محکمہ ایسا نہیں ھے - جو رشوت سے خالی ھو اور سب سے زیادہ رشوت اپر strata پر ھوتی ھے - جتنے بڑے آدمی ھیں - وہ کہتے ھیں کہ جب اوپر والے لیتے ھیں تو نیچے والے خوامخواہ لیتے ھیں - اوپر کی سطح پر ڈائریکٹر، سیکریٹری، کمشنر، گورنر اور منسٹر جب رشوت لتیے ھیں تو نیچے والے خوامخواہ لیتے ھیں - مجھے یاد ھے کہ ایک دفعہ کا واقعہ ھے کہ میرا ایک دوست مجسٹریٹ ھے اور بدقسمتی سے ایک دن میں اس کے دفتر کسی کام کے لئے گیا - میں وھاں بیٹھا تھا تو اس نے اپنے کلرک کو بلوایا اور کہا کہ مجھے ۲۰۰ روپے چاھئیں - کیونکہ میں نے آج اپنے بچوں کی فیس دینی ھے - اس نے کہا - یہ کونسی بڑی بات ھے، دو منٹ میں لیں - میں دو منٹ میں پورے کر دیتا ھوں - جناب والا ! اس نے اپنے نائب کورٹ کو بلوایا اور کہا کہ شہر میں جاؤ اور جو بھی رکشہ، موٹر، ٹانگہ، ریڑھی ملے لے آؤ - اور ان کا چالان کرو - آدھے گھنٹے میں اس نے ۲۰۰ ریڑھی اور ٹانگے لاکر کھڑے کر دیئے - پھر ان کو بلوایا اور پوچھا - کہ بھئی کیوں قانون کی خلاف ورزی کی - پچاس روپے جرمانہ - انہوں نے دو کاغذ رکھے ھوئے ھوتے ھیں - ایک پر چالان کرتے ھیں - لیکن وہ خزانے میں جمع نہیں کراتے - چالان والے کاغذ پر ایک روپیہ لکھ دیتے ھیں اور دوسرے کاغذ پر ۵۰ روپے - جناب والا ! دو گھنٹے میں انہوں نے ۸۰۰ روپے جمع کر دیئے - ۲۵۰ روپے انکو دے دیئے اور باقی انہوں نے آپس میں تقسیم کر لئے تو بتائی یہ چیز ھے - اس سے انکار نہیں ھے لیکن اسے روکنے کیلئے کوشش کرنی چاھیئے - اور اسکا علاج یہ ھے - کہ قوم دین کے قریب ھو -

[Mr. Mohammad Hashim Ghilzai]

قوم کا کردار ھو اور سخت سے سخت قوانین وضع کئے جائیں - اعلی سطح پر ھمارے جو وزراء صاحبان ھیں - اگر وہ قوم کے سامنے نمونہ پیش کریں - اگر وہ خود رشوت خور اور corrupt نہ ھو - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ھوں -

جناب میجر جنرل (ریٹائرڈ) جمالدار : جناب چیئرمین صاحب ! اس سے کوئی بھی انکار نہیں کرتا - کہ ھمارے ملک میں رشوت خوری کی لعنت موجود ھے - یہ سب نے کہا اور میں بھی جانتا ھوں لیکن مجھے افسوس ھے کہ اس موضوع پر کسی نے بات نہیں کی کہ کس طرح رشوت لی جاتی ھے اور اس سے کس طرح چھٹکارا حاصل کیا جا سکتا ھے، اس پر میرا خیال تھا کہ صلاح مشورہ ھوگا - کہ کس طرح سے اسے ختم کرنا چاھیئے لیکن مجھے افسوس ھے - کہ یہاں میں نے اس بحث میں کوئی ایسی بات نہیں سنی - میں غلزئی صاحب کا شکر گزار ھوں کہ انہوں نے اس پر تھوڑا بہت کہا ھے - یہ ھم تمام کا فرض ھے کہ اس لعنت کو ختم کرنے کی کوشش کریں یہ صرف گورنمنٹ کا فرض نہیں ھے - یہاں کئی مثالیں اور لطیفے بیان کئے گئے ھیں - اگر ان لوگوں کے سامنے ایسا ھوا ھے تو پھر کیا یہ سنانے والے خود رشوت میں مبتلا نہیں ھیں ؟ ضرور ھیں کیوں انہوں نے اس قسم کا اقدام نہیں کیا جس سے اسے دبایا جا سکے - میں اس چیز پر زیادہ بحث نہیں کرنا چاھتا - میں یہاں ایک statement دینا چاھتا ھوں - کہ کس طرح گورنمنٹ ایڈمنسٹریشن میں اسے ختم کرنے کے لئے کوشش کر رھی ھے -

**Major-General (Retd.) Jamal Dar** : Sir, Government is fully alive to the situation and has already taken several steps to curb and stop the inefficiency, etc., in the civil administration. The steps taken are that a law has been promulgated, Civil Service Act 1973, under which Government servants of the rank of Additional Secretary and above can be retired at any time from service on account of corruption, inefficiency or any other reason. In the case of other Government servants they can be retired on completion of 25 years of qualifying service for pension. In the case of those who have not completed 25 years qualifying service for pension they can be retired under the disciplinary rules. The old disciplinary rules were cumbersome and time consuming.

جیسے کہ کہا گیا ھے - کہ لوگوں کے اوپر case آئے وہ ریٹائر ھو گئے لیکن کچھ نہ ھوا -

These have been revised to ensure prompt disposal of disciplinary actions. A sub-committee comprising of Secretary Establishment, Secretary Interior and Secretary of Ministry concerned has been set up for considering the cases of inefficiency and corruption among officers of Grade 17 and above. The Ministries/Divisions have already been asked to appoint similiar committees for officers of Grade 16 and below. Big departments, such as Telephone and Telegraph and Pakistan Public Works Department have been instructed to set up separate committee to look into the cases of corruption and inefficiency. The Ministries and Divisions have been asked to set up a similar committee in respect of the employees of the Corporations under them. Other Departments have also been instructed to establish separate Anti-corruption Cells to investigate cases of corruption. The Government will continue its drive to eradicate the evils of corruption. A Cabinet Committee comprising of five Ministers has been formed, very recently, to look into the question of curruption.

یہاں ایک بہت بڑی high level کی کمیٹی بھی ہو گئی ہے اور گورنمنٹ ہر طرح سے یہ کوشش کر رہی ہے - کہ کرپشن ختم ہو جائے اور ہر ایک کی اس میں مدد درکار ہے -

جناب محمد ہاشم غلزئی : کیا حکومت کے زیر غور کوئی ایسا مسودہ قانون ہے کہ وہ اس مسودہ قانون میں ترمیم سے سخت تر قانون بنائیں -

میجر جنرل (ریٹائرڈ) جمالدار : کمیٹی اس پر سوچ رہی ہے -

**Mr. Presiding Officer** : The House is adjourned to meet again on Monday, the 3rd February, 1975, at 4-30 p. m.

---

The House adjourned till half past four of the clock on Monday, February 3, 1975.

---

PCPPK—L/1431/76 Senate Sectt.—18-8-76—300.